"تم بتاؤ تمہاری شادی شدہ لائف کیسی گزر رہی ہے ؟"

اسکی بات کے اثر پر اپنے لبوں پر چھاپ دیکھاتی مسکراہٹ سجائے اسے دیکھ بولا

-------- جو اب سمندر کے کنارے چل رہی تھی --------

"!! ٹھیک ٹھاک"

یک لفظی جواب دیتی بولی --------

"تم مطمئن نہیں لگتی اپنی شادی سے کیونکہ پہلے بھی غالباً یہی جواب دیا تھا تم نے"
۔ وہ اپنی اور اسکی واٹسپ چیٹ پر بات چیت کو سوچتے بولا اور اسکے ہم قدم برابر میں
چلنے لگا --------

"داؤد اچھا بھلا موڈ خراب مت کرو پلیز ۔"
اسے کہتی جھڑک گ ئی جیسے اسکی بات پہ اچانک منہ میں کڑوا بادام چبا لیا ہو

خیر کوئی ی بات نہیں اگر تم اس ٹاپک پر بات نہیں کرنا چاہتی تو"۔ اس نے اسے"
دیکھ بات ختم کرتے اپنے پیروں تلے مٹی اڑائی ی ---------

"آہ تم بتاؤ تمہارا کب ارادہ ہے شادی کرنے کا ؟؟"
زینیہ نے سانس ہوا کے سپرد کرتے اسے دیکھ اپنی آئی برو اچکاتے پوچھا ---------

جب لڑکی ہاں کردے "-------"

کس لڑکی کی بات کررہے ہو زرا کھل کر کہو "------ اسے آڑے ہاتھوں لیتی جانچنے " والے انداز میں بولی -------

اس ڈائن کی جو مجھ جیسے سیدھے سادھے انسان کو تگنی کا ناچ نچائے گی"۔ مونچھوں" تلے تبسم پھیلائے آنکھ دبائے بولا ---------

تمہارا کچھ نہیں ہوسکتا کبھی سریس بھی ہوجایا کرو "------- ہاہاہا------ اسکے جملے" پر مقابل کا بے ساختہ قہقہ گونجا تھا ----------

جاری ہے -----

MAN E AZIZAM

EPISODE # 14

BY : PARISHY BAIG

DON'T COPY PASTE _____

✧✧✧✧✧✧✧✧✧✧✧

وہ حویلی میں بنی سیڑھیاں پھیلانگتا اوپر پہنچا -------

آپ نے ہمیں بلایا تھا والدہ جان "۔ "

اپنی بھاری مردانہ آواز میں چھت پر موجود رکھے تخت پر سلیقے سے پیچھی کامدانی پر بیٹھی وہ ملازمہ رضیہ جو کہی سالوں سے اس حویلی کی خدمت پر معور تھی سے کسی بات پہ مخاطب تھیں کہ اپنے نوجوان بیٹے کی آواز انکے کانوں میں گونجی ---------

گلے میں ڈالی اسکن کلر کی شال، وائٹ قمیض شلوار زیب تن کیئے وہ سامنے اپنی شاندار وجہیہ پرسنٹلی لیئے کھڑا تھا --------

حمیدہ بیگم نے اپنے خوبرو بیٹے کو دیکھ ملازمہ کو ہاتھ کے اشارے سے جانے کا کہا جنہیں دیکھ وہ وہاں سے چلی گ ئی ---------

آؤ آؤ ابرار میرے بیٹے ۔۔۔۔۔۔ادھر اپنی ماں کے پاس بیٹھو "۔۔۔۔۔ اسے انکھوں" میں پیار سموئی ی نظروں سے دیکھتیں اپنے پاس تخت پر بیٹھنے کا اشارہ کرتے بولیں

۔۔۔۔۔۔۔

جی بولیں "۔"

ٹانگ پہ ٹانگ چھڑائے انکے برابر میں بیٹھتا بولا ۔۔۔۔۔۔۔

یہ کچھ لڑکیاں ہیں میں نے سلیکٹ کی ہیں تمہارے لیئے ان میں سے کسی ایک کو" پسند کرلو"۔ وہ اسکے ہاتھ میں اپنا موبائل پکڑاتی اسکرین پہ واٹسیپ اوپن کرتیں اس پہ موجود کچھ تصاویر اسے دیکھاتی بولیں ۔۔۔۔۔۔۔۔

ماں یہ کیا ہے ؟؟ اس دن آپ شہزادی کے لیئے وہ رشتہ اور آج میرے لیئے ؟؟" پہلے شہزادی کی ہوجائے میں ابھی شادی نہیں کرنا چاہتا "۔۔۔۔۔ اس نے ان تصویروں پہ بنا اپنی کوئی ی نظر ڈالے انہیں دیکھ کورا جواب دیا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کیوں نہیں کرنا چاہتے عمر دیکھی ہے تم نے ماشاءاللہ شادی کے لائق ہو ۔۔۔۔۔"
بس میں چاہتی ہوں کہ جلد از جلد تمہاری دلہن لے آؤں "۔۔۔۔۔۔ انہوں نے اسکی
پہلی بات کو نظرانداز کرتے اسکی آخری بات پہ اپنا فیصلہ سنایا ۔۔۔۔۔۔۔۔

کوئی ی کام کاج نہیں کرتا آپکا بیٹا ۔۔۔۔۔۔ اس بات پہ آپکے شوہر کے روز بروز تانے"
سننے کو ملتے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔ تو کوئی ی اپنی لڑکی کیا خاک دیگا مجھے "۔۔۔۔۔۔۔ اسنے
انہیں ٹالنے کے لیئے جواز پیش کیا ۔۔۔۔۔۔۔

بیٹا والد ہیں وہ تمہارے"۔"

اسے دیکھ اسکے طرز مخاطب پہ ڈپٹتی بولیں ۔۔۔۔۔۔۔

ہاہاہا جانتا ہوں "۔"

ہاتھ میں تھاما موبائل وہی رکھ وہاں سے کھڑا ہوتا اپنا چہرہ اوپر اٹھائے آسمان پہ پھیلی
رات کی کالی سیاہی دیکھتا اپنا سر ہلاتا بولا ۔۔۔۔۔۔۔۔

حویلی زمینیں مکمل جائیداد تمہاری ہی تو ہے ؟ تم ہی تو ایکلوتے اس سب کے وارث" ہو ----- جو آئے گی راج کرے گی----- کام بھی ضروری ہے لیکن وہ نکاح کے بعد بھی ڈھونڈا جاسکتا ہے "------ وہ اسکی اپنی طرف چوڑی پشت دیکھتیں مزید بولیں

"ٹھیک ہے کیا میرے پاس اس بارے میں خود سے کوئی ی آپشن رکھنے کا حق ہے ؟" انکی جانب پلٹتا اپنی ازلی بھاری آواز میں بولا --------

"ہاں بیٹا ہے۔"

اچانک ابرار کی بات پہ حمیدہ بیگم کی صبیح پیشانی شکن آلودہ ہوئی ی -------

"تم کسی کو پسند کرتے ہو ؟؟"

اب اپنے چہرے پر مسنوئی ی مسکراہٹ سجائے اسے دیکھ مزید بولیں --------

انکی بات پہ ابرار کے دماغ کے پردوں پر وہ گلابی غصے سے لال خفا خفا سا چہرہ لہرایا اور اسکے ساتھ ساتھ اس دوشیزہ کو اللہ کی طرف سے تحفے میں ملا وہ حفاظت کے لیئے لال پنکھڑیوں جیسے ہونٹوں کے نیچے سیاہ تل بھی اداس لگا --------

"میں تمہارا حشر برا کردوگی۔"

اس معصوم کی معصوم سی دھمکی یاد آئی ی اسے -----

تمام جملائے حقوق سمیت میری دسترس میں اجاؤ پھر ایک دوسرے کا حشر نشر ملکر " کرے گے جانم "-----مونچھوں تلے عنابی لبوں پہ تبسم سجائے دل میں کہا

ابرار بیٹا----- جی جان والدہ ------ حمیدہ بیگم کی آواز پہ بے خیالی سے نکلتا خود کو" کمپوز کرتا یکدم ہی لبوں پر آئی ی مسکراہٹ چھپا گیا -------

"تو کون ہے وہ لڑکی ؟؟"

اسے دیکھ اپنی ائی برو اچکاتی بولیں -------

جلد بتاؤں گا مگر اس سے پہلے اپنی شہزادی کو رخصت کروگا۔۔۔۔۔۔ اب اجازت دیں"
میں چلتا ہوں اور آپ بھی نیچے چلیں سردی بڑھ رہی ہے "۔۔۔۔۔۔ کہتا انکے ہاتھ
عقیدت سے اپنی آنکھوں پہ لگا گیا اور انہیں لیئے آہستہ آہستہ سیڑھیاں اترتا نیچے انکے
کمرے میں لے جانے لگا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

✧✧✧✧✧✧✧✧✧✧✧

ایک چائے"۔"

اس لمبے چوڑے دراز قد شخص نے اس ہوٹل کے اندر آتے ٹیبل کے پاس سے چیئر
گھسیٹتے بیٹھتے وہاں کام کرتے لڑکے کو آڈر دیا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جی صاحب ابھی لایا"۔"

وہ لڑکا کہتا وہاں سے چلا گیا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسے کس اینگل سے میں صاحب لگ رہا ہوں ۔۔۔۔۔۔نہ ہی میں نے سوٹ بوٹ"
پہن رکھا ہے ۔۔۔۔۔۔ نہ ہی کھڑی باہر لمبی گاڑی ہے"۔۔۔۔۔ اسنے اپنے سادھے
بلیک کارٹن کے شکن آلودہ کپڑوں پر ایک نظر ڈال دل میں سوچا مگر یکدم ہی سر جھٹک
گیا ۔۔۔۔۔۔کہ ان فالتو سوچو کو سوچنے کا بھی اسکے پاس وقت نہیں تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہاہاہا تم بھی ناں"۔"

ایک نسوانی آواز اسکی سماعتوں سے ٹکرائی ی بے نیازی سے اس نے اپنی گردن
موڑتے دیکھا تو اسے اپنے برابر کچھ فاصلے پر موجود ایک ٹیبل پہ بیٹھے نوجوان لڑکی لڑکا نظر
آئے ۔۔۔۔۔۔ دیکھنے سے ہی لگ رہا تھا کوئی ی ٹین ایجرز ہیں ایک دوسرے کے عشق
میں پاگل ۔۔۔۔۔۔۔

لڑکی تو خیر عبائے میں ملبوس اسکے جانب پشت کیئے بیٹھی تھی اور اس لڑکی کے مقابل
بیٹھا وہ وجود جو شکل سے ہی کوئی ی عیاش قسم کا اوباش لڑکا معلوم ہورہا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔

" یہ تمہارے لیئے جان۔"

اپنی پیار بھری نظروں سے تکتے ٹیبل پر رکھے اس لڑکی کے نازک گلابی ہاتھ کو تھامتے اسکے سامنے بیٹھے لڑکے نے اسے ایک گفٹ پیکٹ پکڑاتے اسکا ہاتھ دباتے چھوڑا

جسے دیکھ وہ جھجکی مگر ہنوز ہی شرما کر وہ پیکٹ تھامتے کھولا ۔۔۔۔۔۔۔۔

یہ سین دیکھ برابر میں بیٹھے ضوریز لشاری کی آنکھوں میں غصے کی ایک رمق آئی ی۔۔۔۔۔مگر جونہی اپنا سر جھٹکتا اپنی نظریں وہاں سے ہٹا گیا جیسے اسکی نظروں میں کوئی ی جیئے مرے اسے کوئی ی فرق نہیں پڑتا اور پھر ایسی لڑکیاں تو خود اپنی عزت کو پلیٹ میں سجاکر اسے نامحرم کو تار تار کر رکھ دینے کی اجازت دیتی ہیں

صاحب یہ لیں "۔"

لڑکے نے چائے لاکر اسکے سامنے ٹیبل پر رکھی ------ جسکی آواز سن وہ فضول سوچوں سے باہر آتا اپنا ہاتھ چائے کے جانب بڑھا گیا --------

جاری ہے -------

MAN E AZIZAM

EPISODE # 15

BY : PARISHY BAIG

DON'T COPY PASTE _____

قمیض کی جیب میں اسکا موبائل رنگ ہوا------بے زاریت سے اس نے چائے کو ٹیبل پر پٹکا اور جیب سے موبائل نکالا اسکرین پہ شو ہوتا نمبر دیکھ یس کرتے فون اپنے کان سے لگا گیا --------

فون کے پیچھے سے معلوم نہیں کیا کہا گیا کہ وہ یکدم ہی فون بند کر جیب میں رکھتا والڈ سے چائے کے پیسے نکالتا وہی ٹیبل پہ چھوڑتا جلدی سے اٹھ کھڑا ہوا اور وہاں سے تقریباً بھاگنے والے انداز میں ہوٹل سے باہر نکلا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسے ہربڑی میں جلدی جلدی جاتے وہاں بیٹھے تمام لوگوں نے دیکھا تھا اور اس میں ایک نظر شامل لڑکے کے ساتھ عبایا پہنے بیٹھی اس لڑکی کی بھی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسکی شخصیت میں ایک الگ ہی رعب و دبدبہ تھا جسے کوئی ی بھی نظرانداز نہیں کر پایا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔

چلو جان چلیں"۔"

سامنے بیٹھا لڑکا اسے دیکھ دوبارہ اپنی پیار بھری نظروں سے تکتا بولا ۔۔۔۔۔۔۔

ٹھیک ہے"۔"

خود بھی اسی کے انداز میں بولتی اسکے دیئے گئے گفٹ کو ٹیبل سے اٹھاتی اپنے ہاتھ میں لیتی وہاں سے اٹھ کھڑی ہوئی ی --------

آہ جان تم باہر جاؤ میرا ویٹ کرو میں بل پے کر کے آتا ہوں"۔وہ لڑکا کہتا وہاں بنے کاؤنٹر پر چلا گیا --------

وہ اپنی دھن میں ہی باہر چلی آرہی تھی کہ سامنے پڑے پتھر سے الجھی اور نیچے زمین بوس ہوئی ی -------

" !! آہ"

اسکے لڑکی کے منہ سے پھنسی پھنسی سی چیخ نکلی --------

اب ادھر اُدھر اپنی نظریں دوڑائی ی کہ اسے کسی نے دیکھا تو نہیں------ مگر لوگ ہوٹل میں تھے اور کچھ جو باہر تھے بھی تو اکا دکا دور دراز تھے-------- جنہیں دیکھ وہ سد شکر کرتی اپنے پیر کو دیکھنے لگی کہ زیادہ تو نہیں لگی ---------

کچھ دیر کا سکوت تھا کہ اسکے کانوں میں موٹر بائک کی آواز گونجی۔۔۔۔۔۔اس نے اپنا جھکا سر اٹھا کر آواز کے جانب اپنی گردن مڑی جو بائیں طرف سے آرہی تھی

۔۔۔۔۔۔۔

موٹر بائک پہ بیٹھے اسی لمبے چوڑے شخص کو دیکھا جو ابھی کچھ دیر پہلے بھاگتے باہر کو آیا تھا۔۔۔۔۔۔ اس نے اسکی سرد آنکھوں میں اپنی آنکھیں ڈالی ان آنکھوں میں ایسی آگ کی تپش تھی کہ مقابل سالم ہی نگل جائے گا یکدم ہنوز ہی وہ اپنی نظریں اسکے جانب سے ہٹا گئی ۔۔۔۔۔۔۔۔

بائک کے ہارن دبایا گیا جیسے اسے وارننگ دی گئی ہو اسکا قیمتی وقت نہ برباد کیا جائے ۔۔۔۔۔۔ وہ ہارن کی دل چیرتی آواز پہ چونکی اور جلدی جلدی وہاں سے اٹھنا چاہا مگر وہ اٹھ نہیں سکی شاید پاؤں میں اسکے ہلکی سی موچ آچکی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔

ایک بار دوبارہ ہارن دیا گیا اب مقابل کے ہارن میں بھی جیسے اسکے دل کی آواز شامل تھی کہ اگر وہ وہاں اسکے راستے سے نہیں ہٹی تو مجبوراً وہ اسکے اوپر سے بائیک اڑاتا لے جائے گا -------

وہ مقابل کی ٹھٹھرتی سرخ سرد آنکھوں میں ویسے ہی دیکھ چکی تھی اور اسے ایسے ہی محسوس ہوا تھا کہ وہ یہ کارنامہ انجام دینے سے ہرگز پیچھے نہیں ہٹے گا اور نہ ہی اسے کوئی ی رتی برابر بھی فرق پڑے گا --------

"آہ جنگلی۔"

اسکی مردانہ بھاری ہاتھ کی انگلیاں بری طرح اسکے نازک بازؤں میں دھنسی جسکے باعث فوراً ہی اسکے منہ سے دلخراش چیخ نمایا ہوئی ی --------

"ہٹو بے ہودا عورت۔"

بھاری سرد سپاٹ لہجے میں کہتے اسکے نقاب شدہ چہرے پر ایک اپنی کاٹدار نظر ڈالی اور وہاں سے ہوتے نیچھے پڑے اسی کے ساتھ زمین بوس ہوئے گفٹ پیکٹ پہ

اب اپنی ظالم پکڑ سے اسے ایک ہی جھٹکے میں وہاں سے اٹھاتا یکدم ہی سائیڈ کرتے چھوڑا------جس سے وہ پیچھے کی جانب لڑکڑائی ی لیکن بروقت پشت سے دو ہاتھوں نے اسے تھام لیا --------

رائیمہ تم ٹھیک تو ہو؟؟ ہا--ہاں----- اس نے غائب دماغی سے اپنے پیچھے" کھڑے اس لڑکے کو جواب دیا -------

وہ شخص اپنی موٹر بائیک تک پہنچا اور دوبارہ اپنی بائیک پہ بیٹھ وہاں سے دونوں پہ ایک آخری کاٹدار نظر ڈالتا اس نیچھے پڑے گفٹ پہ اپنی موٹر بائیک چڑھا اسے روندھتا دھواں اڑاتا وہاں سے نکلا -------

رائمہ ہنوز ہی سن ساکت سی غائب دماغی سے کھڑی تھی اسے اس وقت کچھ سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ اس کے ساتھ آخر ابھی کچھ دیر پہلے ہوا کیا ہے؟؟ اس آدمی کی وحشت ناک نظریں، تیزاب کی طرح تیز دار آلہ نما وہ جملہ جو اس نے اسکے کانوں میں کچھ دیر پہلے ہی انڈیلا تھا -------

سب کچھ ایسا لگ رہا تھا جیسے ابھی بھی وہ آدمی اسکی آنکھوں میں اپنی دہشت سرد آنکھیں ڈالے اسکے وجود کو اپنی پرتپش آنکھوں سے جلا کر خاک کر رہا ہو ---------

افف تف ہے ****کمینہ آدمی کون تھا یہ آخر؟ اندر موبائل کی تو ایسی کی تیسی" ہوگئی ہوگی"------منہ ہی منہ میں بڑبڑاتے اس لڑکے نے زمین پہ پڑے اپنے دیئے گئے گفٹ کو اٹھایا --------

✧✧✧✧✧✧✧✧✧✧✧

سردی میں ٹھٹھرتے جسم سے اٹھتی کنپکنپاہٹ اسکا برا حال کردے رہی تھی مگر پھر بھی وہ اپنے کام میں مشغول تھی کہ زرا جو چوں چاں نکالی تو جو وہ صبح سے بھوکی بدحال حالت میں مامی کے حکم پر کام پہ کام کرنے میں لگی تھی کہ اب بھی اس بے چاری کو کھانے کا ایک نوالہ تک نہیں دیا جائے گا --------

وہ نکات زدہ سی حالت میں اب ایک آخری کام کپڑے دھونے کے بعد اسے گھر کے برامدے میں رسی پر سوکھا رہی تھی ہاتھ اور جسم زیادہ سردی کے باعث لرزتے ہلکورے کھارہے تھے نجانے وہ اپنا وزن کیسے اپنے نازک کانپکپاتے پیروں پر ڈالے کھڑی تھی

اب تو اسکی بھوک بھی مرچکی تھی خیال تھا تو بس اتنا کہ صبح سے لیکر ابھی تک سردی کی وجہ سے اسکی حالت نیم واہ نازک ترین ہوگئی تھی ---------

کپڑے دھونے کی وجہ سے گیلے نازک جسم پہ چپکے کپڑے اور تیز ہوا کے جونکے اسکے جسم کو چیرتے سنسنی خیز لہر بھرپا کر رہے تھے ---------

میں نے جھولے کی رسی مضبوطی سے باندھ دی ہے۔۔۔آجاؤ اب جھولو۔۔۔۔اگر یہ پھر سے ٹوٹ گیا تو ؟ اسے دیکھ اپنی گرے کانچ جیسی گول مٹول آنکھیں نچا کر کہا

۔۔۔۔۔۔۔

"!!نہیں ٹوٹے گا بھروسہ کرو مجھ پر ۔۔۔ آؤ شباش"

اسے دیکھ اپنے ہونے کا احساس دلایا گیا ۔۔۔۔۔۔۔

پکا ناں رار !!میں گر گ ئی تو میری ہڈیاں ٹوٹ کر چور چور ہوجائی یں گی"۔۔۔۔۔وہ منہ" پھلاتی بولی ۔۔۔۔۔۔۔

وائی ٹ لوبیا ناٹک مت کرو اب ۔۔۔۔۔۔ اس سے زیادہ میں تمہیں یقین نہیں دلا سکتا" ۔۔۔۔ اسے دیکھتے بولا ۔۔۔۔۔۔۔۔"

ٹھیک ہے آتی ہوں"۔"

کہتی گاؤں میں نیم کے درخت پر لگے رسی کے جھولے پر جاتی بیٹھی ---------

اسکے بیٹھنے پر وہ اسکے دائیں بائیں رسیوں پر اپنے ہاتھ رکھتا اسے جھولے دینے لگا

اووو واؤ رار مزے آرے ہیں اور تیز جھولے دو"۔ "

وہ اپنی معصومیت بھری آواز میں بولی ---------

آنکھوں کے سامنے گھومتے بچپن کے خوبصورت لمحے پر اسکے گلابی چہرے پر مسکراہٹ پھیلی ایک منٹ کے لیئے اسے بھول چکا تھا کہ سردی کی ہوا اسکا برا حال کردے رہی تھی-----وہ اب ایک ٹرانس کی کیفیت میں کھڑی تھی کسی ربوٹ کی طرح

تم اس دانش کی پارٹنر کیوں بنی ؟؟ میں نے کہا تھا میری بنو گی تم کیونکہ تم میری" دوست ہو ناکہ دانش کی"۔ سامنے کھڑی اس معصوم سے ننھی پری سے معصوم سا شکوہ کیا گیا ---------

"رار کیا ہوا تو ؟؟"

اس نے اسے معصومیت بھری نگاؤں سے ٹکور ٹکور غور کر کہتے اپنے دونوں ہاتھ اماں دادیوں کی طرح کمر پر رکھے --------

ابرار چلو بھئی گیم اسٹارٹ ہورہا ہے"۔"

آئی زل گاؤں میں ہی مقیم بچی اسکے پاس آتی بولی -------

اونہہ چلو"۔"

ایک غصے بھری شکواہ کناں نظر اس معصوم پر ڈالتے وہاں سے آئی زل کے پیچھے چلے گیا --------

گیم شروع ہوچکا تھا ۔۔۔۔۔۔ ایک رسی تھی لیکن اسکے تین کونے تھے جسے تین ٹیموں نے پکڑتے زور دیتے اپنے قریب کھینچنا تھا جس ٹیم کی گرفت رسی پر زیادہ ہوئی ی اور رسی کو اپنے قریب کھینچ لیا وہ فاتح قرار پائی ی جاتی ۔۔۔۔۔۔۔۔

"رار ہم ہی جیتے گے کیوں دانش۔۔؟"

اس نے اپنی گرے آنکھیں گول گول مٹکاتے سامنے کھڑے ابرار اور آئی زل کو دیکھ بولی

۔۔۔۔۔۔۔۔

نہیں جی ایسا کچھ نہیں ہوگا ہم جیتے گے"۔"

گل نے اپنے ہمراہ آغر کو دیکھ کہا وہ بھی اسی گاؤں میں مقیم تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔

ہاہاہا گل آپی بات وہ کرو جو کرسکو ؟؟ کیسے جیتے گی اس کوڈو کے ساتھ ؟؟ "راسی کو" پکڑے دانش گل کو دیکھتے اور ایک نظر آغر جسکا قد چھوٹا سا لگتا تھا جس وجہ سے اسکا نام کوڈو پڑگیا۔۔۔جس نام سے اسے خاصی چڑ تھی اور اب بھی غصے سے جھنجھلاتا اسکے طرز مخاطب پہ لال پیلا ہوچکا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اوو دانش زرا ادھر آنا "------ اسے اپنے پاس بلایا ------"

آہ "!!!چھوٹے سے مگر بھاری ہاتھ کا مکہ اسکی ناک پہ جڑا جس کے پڑنے سے وہ بلبلا اٹھا --------

آغر کے ایسا کرنے پہ ابرار کے چہرے پر شاطر مسکراہٹ رینگی----- جیسے اسکی بھی دل کی مراد پوری ہوگ ئی ہو --------

طبیعت صاف ہوئی ی ---- اندر بیٹھا کیڑا جو تنگ کررہا تھا کنڈلی مار کے بیٹھا یا نہیں" ؟ "آغر تھا اتنا سا لیکن باتیں اسکی کوئی ی بھی سن لے تو ضرور ایک بار صدمے میں چلا جائے------وہ چھوٹے پیکٹ میں بڑا دھماکہ تھا ------

"!!! تیری تو"

اپنے ناک پہ ہاتھ رکھتا دانش غصے سے کہتا اسکے جانب بڑھا -------

ارے دانش کیا ہوگیا ہے تم لوگوں کو؟؟ وحشیوں کی طرح لڑرہے ہو--؟؟ "ان دونوں" کو لڑتا دیکھ گل بیچ میں آئی ی اور آغر کا ہاتھ پکڑتے اسے پیچے کو دکھیلا ------- جو غصے سے اپنی آستینیں چھڑاتا دانش کے جانب بڑھ رہا تھا ---------

چھوڑو مجھے ابرار کی بہن میں اسے چھوڑنگا نہیں -----میرا نام آغر چوہدری ہے سمجھے" آئندہ تمیز سے لینا"-----کہتے اپنا ہاتھ گل کے ہاتھ سے چھوڑوانا چاہا مگر گل نے اس پر مزید اپنی گرفت مضبوط کردی ------ وہ چھوڑوا تو نہیں سکا مگر دانش کی انکھوں میں اپنی انکھیں ڈال وارننگ ضرور دے دی ---------

ختم کرو اس کھیل کو جارہا ہوں میں"۔"

کہتا اپنا ہاتھ ایک بار پھر چھوڑوایا اور اس بار اس نے جھٹکا دیا کہ گل کے ہاتھ سے خود باخود اسکا ہاتھ چھوٹ گیا --------

آغر بھائی ی کہاں جارہے ہو ؟ پلیز کھیل تو ختم کرکے جائیں"۔ آغر کو جاتا دیکھ" کنزیش مایوسی سے بولی --------

گڑیا رکو میں اسے لیکر آتی ہوں"۔"

گل ننھی سی اپنے سامنے کھڑی پری کو دیکھ بولی نجانے کیوں وہ پری گل کو بہت پیاری تھی --------

"آغر چلو تمہاری وجہ سے سارا کھیل بگڑ جائے گا۔"

وہ اسکے پیچھے آتی بولی جو ابھی صرف اپنے گھر کے داخلی مین دروازے تک ہی پہنچا تھا

گل کی آواز پہ اس نے پیچھے مڑتے دیکھا -------

موڈ آف ہوگیا ہے میرا -----مجھے نہیں کھیلنا اور صبح اسکول بھی جانا ہے بہتر ہے" آپ جاؤ "----کہتا اگے بڑھا ---------

آغر میرے شہزدے بھائی ی کی طرح تم بھی مجھے عزیز ہو۔۔۔۔۔۔دیکھو موڈ ٹھیک کرو" اپنا اور چلو"۔ تیزی سے اسکے سامنے آتی بولی۔۔۔۔۔۔ جسے دیکھ اسکے قدم اپنی جگہ تھمے

۔۔۔۔۔۔۔۔

اچھا ٹھیک ہے یہ ٹافی لے لو "۔"

اپنے پلو میں بندھی ٹافی اسے دیتی مزید بولی ۔۔۔۔۔۔۔

بچہ نہیں ہوں میں"۔"

ٹافی دیکھ اپنا منہ بسورتا ناراضگی جتاتا بولا ۔۔۔۔۔۔۔۔

"ہاہاہا اچھا تو پھر کیا ہو؟؟"

اسکی بات کو مزے میں اڑاتی اسکے معصوم چہرے کو دیکھ بولی ۔۔۔۔۔۔۔۔

اتنا بڑا ہوں کہ یہ آپکی ٹافی سے ہرگز نہیں بہلوگا"۔"

اسکے ہاتھ میں ٹافی پر اپنی ایک نظر اٹھاتے بولا --------

اوکے مت چلو جارہی ہوں میں"۔"

اسے ٹس سے مس نہ ہوتے دیکھ بولتی وہ جانے پر تُلی --------

روکیں اب ناراض مت ہوں چل رہا ہوں میں"۔"

کہتا اسکی سر پر بندھی چھوٹی کو اچکتے کھینچا جسکے کھینچنے سے اسکا جھکاؤ اسکی طرف ہوا اور اسکے گلابی گال پہ بوسہ دیتا بھاگا --------

ہاہاہا بدمعاش"۔"

وہ بھی اسکی شرارت پہ کھلکھلاتی اسکے پیچھے بھاگی --------

سب اپنی اپنی جگہ آچکے تھے اور کھیل پھر شروع ہونے لگا تھا کہ --------

سامنے سے آتے وہ اس انسان کو دیکھتی کانپی -------

رار مجھے کہیں چھپالو"۔"

وہ ننھی سی پری ابرار کی پشت پر آتی اس سے سرگوشی نما بولی ------

وائی ٹ لوبیا کیا کر رہی ہو پیچھے باہر آؤ"۔"

اسے چھپتے سب نے دیکھا -------

پلیز جو سامنے سے انکل آرہے ہیں انہیں منا کردو کہو کہ میں نہیں ہوں دیکھو تم نے"
اس دن بھی بھیج دیا تھا آج میں نہیں جاؤ گی "--------

تمہارے چاچی کے بھائی ہیں تم اتنا ان سے ڈرتی کیوں ہو؟؟ جاؤ اگر تمہیں"
بلارہے ہیں تو؟ "اس نے بھی سرگوشی نما پیچھے پلٹتے اس معصوم کو دیکھ کہا --------

نہیں مجھے نہیں جانا"۔"

جھٹ سے کہتی اسکے پاس چھپنے لگی ------

تم میری پارٹنر نہیں بنی اور اس دانش کی پارٹر بنی تو میں تمہاری کیوں سنو؟ "اسکے" دماغ میں آیا ضرور باہر کھیلنے پر جیسے بچوں کو ڈانٹ پڑتی ہے تو اسے بھی بس شاید یہ انکل ڈانٹتے ہونگے کہ پڑھائی ی پر دھیان نہیں ہے اور بس کھیل کھیل پر دھیان ہے وغیرہ وغیرہ -------

اور پھر اسکے معصوم دماغ نے گھنٹی بجائی ی کے آج اسکی پارٹنر نہ بننے پر اسکا پتہ اس سامنے سے آرہے انکل کو دے دیا جائے اور وہ انکل اسکی صیح ڈانٹ لگائے-----وہ معصوم تو بس اپنے منصوبے پر خوش تھا لیکن اسے کیا معلوم تھا کہ وہ اپنے پاس کھڑی اس ننھی پری کے لیئے کس قیامت کو دعوت دے رہا ہے ---------

بیٹا تم نے کنزیش کو دیکھا۔۔وہ بھاری برکم پتیس سالہ آدمی چہرے سے جسکے خباثت ہی ٹپک رہی تھی ۔۔۔۔۔۔

ہاں انکل یہ رہی"۔"

اگے سے ہٹتا کنزیش کو دیکھا گیا جسنے اسکے پچھے پناں لی ہوئی ی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔

اس ننھی سی پری کی انکھوں میں دکھ غم ازیت کیا کچھ نہیں سمایا تھا اس ایک لمحے میں اسکی گول مٹول سی انکھوں میں پانی جمع ہونے لگا اس نے ڈرتے ابرار کا ہاتھ تھاما اور سر نہیں میں ہلانے لگی ۔۔۔۔۔۔۔۔

کنزیش کو اسطرح کرتے دیکھ گل کو کچھ گڑبڑ سی لگی مگر وہ خود بھی اتنی بڑی یا سمجھدار نہیں تھی کہ سامنے کھڑے انسان کے ارادے سمجھ پاتی ۔۔۔۔۔۔۔۔

آجاؤ بیٹا کھانا کھاؤ اور ہوم ورک بھی تو کرنا ہے"۔"

کہتا اپنی مونچھوں کو تاؤ دیتے ابرار کے ہاتھ سے اسکا ہاتھ الگ کرتا خود پکڑتا سب پر ایک اپنی گہری نظر ڈالتا وہاں سے اسے لیئے اگے بڑھا --------

"!! بھروسہ کرو مجھ پر---آؤ شباش"

اسکے کچھ دن پہلے کے بولے گئے الفاظ نجانے کیوں اس چھوٹی سی پری کے دماغ میں گونجے---وہاں سے جاتے ایک دکھ بھری شکواہ کناں نظر پیچھے پلٹتی ابرار پر ڈالی اور اب انکھوں میں جمع ہوتے پانی کا قطرہ اسکے گلابی گال پر شدت سے ٹوٹ کر گرا

اسکی آنکھوں میں آنسو دیکھ وہ جی جان سے تڑپا مگر اسے ڈانٹ پڑوا کر سبق بھی تو دینا تھا اسلیئے خود پر قابو پاگیا ---------

بچپن کے اس دوسرے لمحے کو سوچ جہاں اسکے لبوں پر مسکراہٹ تھی اب اسکی جگہ تلخی نے لے لی تھی --------

تمارے سارے درد و غم سمٹ لوگا ۔ تمہیں ہر گرم سرد ہوا سے بچا کر خود کے پاس"
"محفوظ رکھوگا یقین کرو مجھ پر۔

اونہہ تم بھروسے کے لائق ہی نہیں ہو"۔"

اسکی اور اپنی حال ہی میں ہوئی ملاقات پہ مقابل کی جانب سے بولے گئے جملے اسکے دماغ میں گھومے ---------

معاً جس کے بعد کڑوے گھونٹ پیئے اپنی ساری سوچوں کو جھٹکتی جس بالٹی میں کپڑے تھے اب وہ خالی دیکھ اسے اٹھاتی وہاں سے چلی گ ئی ----------

جاری ہے-------

MAN E AZIZAM

EPISODE # 16

BY : PARISHY BAIG

DON'T COPY PASTE _____

✧✧✧✧✧✧✧✧✧✧✧

امی آپکو تو بہت تیز بخار ہے ؟ چلیں ڈاکٹر کے پاس اٹھیں"۔ وہ پولیس وردی میں" ملبوس ڈیوٹی سے ابھی گھر آیا تھا کہ ریشمہ بیگم کو باہر لاؤنج میں رکھے فل سائز صوفے پہ نیم وا حالت میں دیکھا جن کی آنکھیں ہنوز ہی بند تھیں اور اپنا سر صوفے کی بیک سے ٹکائے بے سود پڑی تھیں ------ انکے قریب آتا انکے ماتھے پہ اپنا بھاری ہاتھ رکھ انکی تشویش ناک حالت دیکھ فکرمند لہجے میں بولا ---------

اسکی آواز پہ ریشمہ بیگم نے اپنی موندی آنکھیں وا کیں------

اپنے لیئے اسکی بے پناہ فکر دیکھ انہیں بے ساختہ ہی اپنے خوبرو بیٹے پر پیار آیا-----وہ انکے لیئے پہلے ہی کافی پوزسیو تھا اب جب سے انکی بگڑتی حالت کا ڈاکٹر سے سنا تھا تو اور بھی زیادہ انکی چھوٹی سی چھوٹی بات کی بھی کیئر فکر کرنے لگا تھا

بخار تو بس چڑھتا اترتا رہتا ہے اور بی پی کی بھی یہی صورتحال ہے کبھی ہائی ی کبھی " لو۔۔۔۔ٹھیک ہوجاؤ گی بس دوا دے دو بیٹا"۔ وہ اسے اپنی ممتا پیار سموئی ی نظروں سے دیکھتی بولیں ۔۔۔۔۔۔۔۔

ایسے کیسے ٹھیک ہوجائی یں گی امی ؟ ابھی چلیں آپ میرے ساتھ مجھے کچھ نہیں سننا" ۔۔۔۔۔۔ وہ انہیں دیکھ بولا ۔۔۔۔۔۔۔۔

بیٹا کہیں نہیں جانا مجھے بس دوائیں یہی لادو ان بوڑھی ہڈیوں میں اب جان نہیں کہ" چل سکوں "۔۔۔۔ ریشمہ بیگم انہیں ڈاکٹر کے پاس لے کر جانے کی ضد کو پکڑے دیکھ بولیں ۔۔۔۔۔۔۔۔

امی میں ڈاکٹر کو کال کرتا ہوں"۔"

کہتا ریشمہ بیگم کو دو ہفتے پہلے جس اسپشلیسٹ کو دیکھایا تھا انہیں کال لگائی ی

۔۔۔۔۔۔۔۔

"!! ہیلو ڈاکٹر سجاع مستان اسپیکنگ"

فون سے بھاری آواز ابھری -------

ہیلو !!اسلام و علیکم ڈاکٹر سوری ٹو سے آپ کو اتنی رات کو تکلیف دی دارصل میری" والدہ جنہیں میں ریسنٹلی اپکے پاس چیک اپ کروانے کے لیئے لایا تھا ہارٹ پیشنٹ ہے وہ------میں انکا بیٹا ازمیر ملک"------ اسنے انہیں ریشمہ بیگم کا بتاتے لاسٹ میں اپنا تعارف کروایا ---------

جی جی میں سمجھ گیا ہوں اپ کون ہیں--؟ بتائیں کیا کہنا ہے آپ نے؟ میں سن" رہا ہوں"۔ پھر ایک بار فون کے اسپیکر سے ڈاکٹر کی آواز اسکی سماعتوں کی نظر ہوئی ی --------

میری والدہ کی طبعیت میں بہتری آنے کی بجائے مزید بگڑ رہی ہے---- کچھ وقت تک" تو انکی طبعیت نارمل رہی ہے بٹ کچھ دن سے بے حد ناساز ہے------ائے دن بخار

بی پی لو یا یکدم ہی ہائی ی کا مس ئی لہ ہورہا ہے۔۔۔۔۔۔میں خود انکا بی پی چیک کرتا رہتا ہوں ابھی بی پی تو نارمل ہے لیکن بخار کی شدت کافی زیادہ ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔

اس سے پہلے جب بخار ہوا تھا تو میں نے اپکی دی ہوئی ی ہر تمام ادوایات ہٹا کر جسٹ پیناڈول ٹبلیٹ دے دی تھی جس سے انہیں افاقہ بھی ہوا اور پھر کچھ دن صیح رہی مگر آج بخار کی شدت زیادہ لگ رہی ہے"۔۔۔۔۔ وہ اپنے بھاری سنجیدہ لہجے میں گویا ہوا ۔۔۔۔۔۔۔۔

اس دن انکے کیبن سے نکل کر ازمیر کو یاد آیا تو کیبن میں دوبارہ جاتا ڈاکٹر کا پرسنل نمبر وہ ان سے لیکر آیا تھا۔۔۔۔۔

پرسنل نمبر بھی بڑے بڑے اسپیشلیسٹ بہت کم ہی لوگوں کو دیا کرتے ہیں لیکن انہوں نے انکی والدہ کی کریٹکل کنڈیشن دیکھ اسے اپنا نمبر دے دیا تھا کہ جب ضرورت ہو تو رابطہ کیا جاسکے ۔۔۔۔۔۔۔۔

"ہاہاہا آدھے ڈاکٹر تو آپ خود ہیں ازمیر صاحب۔"

فون سے اپنی والدہ کی حالت اور اپنے عمل بتاتے فون کے پیچھے سے ڈاکٹر آہستگی سے بے ساختہ مسکرائے --------

بس ہونا پڑتا ہے کیا کریں ؟ ماں دولت ہی ایسی ہے ایک قیمتی نایاب موتی کے" مانند--"اسکی انکھیں ریشمہ بیگم پر ٹکی تھیں جو ابھی بھی انکی فکر میں غلطاں ہوئے اسکے پیار بھرے انداز کو دیکھ رہی تھیں --------

انکی حالت اسی طرح گری گری سے رہی گی تو میں بتاتا ہوں کہ وہ زیادہ نہیں لیکن پرجوش طبعیت زندگی کیسے گزار سکتیں ہیں--؟آپکی والدہ کو اب پروپرلی بہتر سے بہترین کیئر کی ضرورت ہے بلکل اس طرح جیسے کسی نامعلود چھوٹے شیر خوار بچے کی کی جاتی ہے------

یہی مشورہ ہے آپکو میرا ان کے لیئے کسی کیئر ٹیکر کا انتظام کیا جائے جو انکی بھرپور کیئر کرسکے اور ہاں اہم بات انکی غذا کا خیال رکھا جائے -------

باقی یہ کچھ اور ٹیبلیٹ ہیں جنکا میں نے دوسری ادوایات میں اضافہ کیا ہے اور یہ بھی دودھ سے ہی دینی ہیں--

ڈاکٹر نے فون سے ہدایات دیں اور دوائیوں کا بتایا -------

آپکی فیس--؟؟"

انکی تمام باتیں غور سے سننے سمجھنے کے بعد وہ بولا ------

آپکی والدہ ٹھیک ہوجائیں بس یہی میری فیس ہوگی"--خوش اصلوبی سے کہا گیا"

پھر بھی ڈاکٹر میں ایک ایک پیسہ لگانے کے لیئے تیار ہوں بس میری والدہ ٹھیک" ہوجائیں"۔ آخر میں اسکی آنکھیں نم ہوتی گلا ہلکا سا رندھ گیا -------

آپ مرد ہوکر ہار مان رہیں ہیں ازمیر صاحب-----آپکی والدہ کو اپکی اور آپکے سپورٹ" کی اس ٹائم بہت ضرورت ہے----ہم تو بس زریعہ ہیں ہر چیز و قدرت پر قادر تو وہ

رب ہے اسی کے ہاتھ میں ہے سب کچھ۔۔۔۔بس دعا کریں اور اچھی امید رکھیں اس رب سے"۔۔۔۔ ڈاکٹر نے ازمیر کو دل برداشتہ محسوس کرتے اسے سمجھایا اور پھر دو چار باتوں کے بعد فون ڈسکنکیٹ کردیا ۔۔۔۔۔۔۔۔

امی میں یہ کچھ دوائیں میڈیکل سے لے آؤ۔۔۔۔آپ جب تک یہی آرام سے" لیٹے"۔ انہیں وہی صوفے پر صیح سے لیٹائے اندر کمرے سے کمبل لاکر ان پر ڈال انکے ماتھے پر عقیدت سے بوسہ دیتا بولا ۔۔۔۔۔۔۔

✧✧✧✧✧✧✧✧✧✧✧

دونوں جاؤں جلدی جلدی سامان لے آؤ۔۔۔۔۔مورے رشتے والے میرے آرہے ہیں" اور خوش تو ہورہی ہے اوپر سے انکے انے سے دو دن پہلے سے تونے جینا حرام کردیا یہ جھاڑ وہ جھاڑ پورا گھر تونے صاف ستھرا کروایا اور اب یہ سامان ؟ "رائمہ اپنی ماں کو دیکھتی بازاری لوازمات کی لسٹ سنتی بولی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بول تو وہ ایسے رہی تھی جیسے گھر کی ساری جھاڑ پونچھ کی زمہ داری اسکے ننھے سے کندھوں پر ڈال دی گ ئی تھی جسنے کی تھی وہ منہ سے بنا کوئی ی الفاظ ادا کیئے بے سود زمین کو گھورتی خود کو اچھی طرح چادر میں ڈھانپے اسکے ساتھ باہر جانے کو تیار کھڑی تھی

لے لاڈو اب خوش بھی نہ ہوں آخر تیرے لیئے اتنا بہترین رشتہ لے کر ارہی ہے" شمو"۔۔۔انہوں نے اپنی بیٹی کی سن رشتے کرانے والی کا بتاتے کہا جس کے ہمراہ کچھ لوگ آج رائی مہ کو دیکھنے آرہے تھے --------

کھانے پینے کے لوازمات تو کنزیش نے سارے بناد یئے تھے جو جو انہوں نے بتائے تھے لیکن انہیں یہ سب بھی کم لگ رہا تھا وہ چاہتی تھیں کہ باہر کے بھی ان سب کے ساتھ کچھ لوازمات شامل کرد یئے جائیں جسکے لیئے وہ ان دونوں کو گاؤں کی کچی مارکیٹ بھیج رہی تھیں ---------

مورے قسم سے یہ بہت ہے ان سب کے لیئے-----وہ کیا اب اپنے گھر سے مجھے" دیکھنے آرہے ہیں یا کھانا ٹھوسنے"۔کہتی اپنا منہ بناتی بڑبڑائی ی -------

"!! دھی"

انہوں نے اسکی باتوں پہ اسے اپنی آنکھیں دیکھائی یں --------

مورے اچھا ٹھیک ہے ٹھیک ہے جارہی ہوں ----- اب تو کیا اپنی ان موٹی موٹی" انکھوں سے ہی کھائے گی مجھے۔ "انہیں پیر سے جوتی اتارتے دیکھ وہ پھرتی سے وہاں سے کنزیش کا ہاتھ پکڑتی باہر کو بھاگی --------

رائی مہ کے ابا اس وقت حویلی میں اپنی ڈیوٹی سرانجام دے رہے تھے ورنہ وہ دونوں کی جگہ انہیں بھیج دیتیں --------

جاتے جاتے اسکی کمر پہ انکی جوتی نے سلامی دے ہی دی تھی-----آہہہ " !!اسکی ہلکی سی چیخ نکلی --------

✧✧✧✧✧✧✧✧✧✧

اس نے آج ہاسٹل جانے کے پورے ایک مہنے بعد اس گھر میں قدم رکھا تھا ------

داخلی دروازے سے ہوتی وہ راہداری سے گزرتی اب مین دروازے تک پہنچی تھی

دروازے پہ سامنے لگے آٹومیٹک بورڈ کو دیکھتی اپنی ایک لمبی سانس کھینچتی اپنا نازک ہاتھ اٹھاتی اپنی مرمراہی موم سی انگلیوں سے بورڈ پر کچھ بٹن دبانے لگی -------

جسکے دبانے سے وہ کوڈ کنفرم ہوتا چر کی آواز دی جسکا مطلب تھا کہ اب وہ دروازے کا لاک کھول کر اندار جاسکتی ہے --------

یہ سارا سسٹم ازمیر نے ہی سفٹی کے لیئے کروایا تھا اور اسکا مکمل گھر میں رہتے ہر انسان کو معلوم تھا -------

اسنے دروازہ وا کیا اور اپنا قدم اندر رکھا ---------

جاری ہے-------

MAN E AZIZAM

EPISODE # 17

BY : PARISHY BAIG

DON'T COPY PASTE _____

✧✧✧✧✧✧✧✧✧✧✧

وہ آتش فشاں بنے گاؤں کے اس چھوٹے خستہ بے حال لیکن قابل قبول ہاسپٹل میں اپنے بھاری قدم اٹھاتا راہداری سے گزر رہا تھا جسکی بارعب پرسنٹلی دیکھ لوگ خود باخود اسے جگہ دے رہے تھے اب اوپر جانے کے لیئے بنی سیڑھیاں کراس کرتا اپنے مطلوبہ جگہ پیشنٹ کومن روم میں پہنچا ------

اندر قدم رکھتے وہاں موجود ایڈمیٹ تمام پیشنٹ اور انکے ساتھ ان سب کے اہل و عیال کی نظر اس وجیہہ شاندار مرد پر اٹھی ---------

جس کی انکھوں میں ایک اگ سی تپتی وحشت طاری تھی جسے دیکھ وہاں موجود لوگوں نے یکدم ہی جھرجھری لی --------

وہ اپنے بھاری قدم اٹھاتا چلتا وہاں رکھے دس پیشنٹ بیڈز کو ایک نظر دیکھتا اپنے مطلوبہ بیڈ کے جانب آیا --------

اس بیڈ پہ ڈاکٹرز کی بھرپور ٹریٹمنٹ و نگرانی میں پڑے اسنے اب اس شخص کو دیکھا جسکے بائیں ہاتھ میں کیلولا کے ساتھ ڈرپ لگی ہوئی تھی اب اسکی نظر وہاں سے ہوتے ڈرپ اسٹینڈ پر گئی جہاں ڈرپ لٹکی ہوئی تھی----ڈرپ سے نکلتا مادہ قطرہ قطرہ کرکے اس شخص کی باڈی میں جارہا تھا --------

پھر اب دوبارہ اسکی نظر اس شخص پر آکر ٹھہری جو اپنی آنکھیں ہنوز بند کیئے ان پر اپنا دائیاں بازوں رکھے لیٹا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔

اس شخص کو اپنے اردگرد نجانے کیسی ہلچل محسوس ہوئی ی یا پھر سامنے کھڑے اس بارعب مرد کی موجودگی تھی جس وجہ سے اسنے اپنے آنکھوں سے یکدم ہی ہاتھ ہٹایا

۔۔۔۔۔۔۔۔

سامنے کھڑے اس لمبے چوڑے مرد کو دیکھ اسے اپنی موت انکھوں کے سامنے ناچتی محسوس ہوئی ی اور پیروں سے جان نکلتی اب اسکی سانسیں ابتر ہونے لگیں۔۔وہ کھینچ کھینچ کر اپنی سانسوں کو درست کرنے لگا ۔۔۔۔۔۔۔

سامنے والے کی آنکھوں میں ایک عجیب سی دہشت دیکھ اسکی خود کی انکھوں میں خوف اترنے لگا ۔۔۔۔۔۔۔۔

ایک سوال کرو گا صرف ہاں یا ناں میں جواب دینا ہے اسکا ادروائی ز ایک لفظ نہیں"
بولنا۔۔۔ورنہ "!!اسکی مردانہ ٹھٹرتی سرد آواز بیڈ پر لیٹے شخص کی سماعتوں سے
ٹکرائی ی --------

جسکی وحشت سے بھری آنکھیں اسکی انکھوں میں گڑی ہوئی یں تھیں۔۔۔۔۔جیسے اسنے
ایک غلط لفظ بھی نکالا اپنے منہ سے جو اسکے مطابق نہ ہوں۔۔۔۔۔۔۔تو گویا وہ اسکو جان
سے مارنے تک سے گریز نہیں کرے گا --------

اس مرد کو بیڈ پر لیٹے اس پچپن سالہ ہڈیوں کے ڈھانچے بوڑھے آدمی سے بات کرتے
وہاں سب دیکھ رہے تھے۔۔۔۔۔اس پر سبکی نظریں ٹکی ہوئی یں تھیں مگر سب اسکی
بات سننے سمجھنے سے قاصر تھے کیونکہ وہ بات دھیمے سرد لہجے میں کررہا تھا --------

ویسے بھی جس سے بات کررہا تھا صرف اسے سنانا تھا ناکہ لوگوں کو؟ اور سامنے والے کی
ڈروں خوف میں مبتلا حالت سے لگ رہا تھاکہ اسے سب سمجھ آرہا ہے --------

" میری بہن کہاں ہے--؟؟"

ایک ایک لفظ چبا چبا کر اسنے اپنے ازلی سپاٹ سرد لہجے میں سامنے بیٹھے شخص کو دیکھ پوچھا----جو اسکی خوفناک وحشت پہ اپنی انکھیں پھیلائے اب اٹھ بیٹھا تھا --------

"بولو--؟؟؟"

وہ اب اسے دیکھ اسکا گریبان پکڑتا دھاڑا ---------

اسے ایسا کرتے دیکھ پورے کامن پیشنٹ وارڈ میں کھلبلی سی مچ گ ئی----سب سراسیمگی سے اس مرد کو دیکھنے لگے جو اب وارننگ دیتے بیڈ پہ بیٹھے شخص کا گریبان اپنی مضبوط گرفت میں تھامے اسکی انکھوں میں اپنی اگ اگلتی انکھیں ڈالے تھوڑا سا جھکنے والے انداز میں کھڑا تھا --------

"مج--مج--مجھے نن--نہی--نہیں معلوم۔"

اس شخص نے اپنی نکات ذدہ حالت میں لڑکڑاتے لہجے کے ساتھ کہا --------

میں نے کہا تھا ناں ایک لفظ اور نہیں؟ پھر ؟؟ "وہ ایک بار مزید اس پر دھاڑا"

وہاں موجود دوسرے پیشنٹ اسے دیکھ ہلکے سے سہمے تھے باقی ورڈ میں موجود سب لوگ اس بن بلائی ی آفت کہ آجانے اور اسکا اسطرح کسی بوڑھے آدمی کو ہراساں کرنے پر ایک دوسرے سے چہ مگوئیاں کرنے لگے تھے ---

ورڈ میں اتفاقاً کوئی ی ڈاکٹر موجود نہیں تھا ورنہ اسکی اس دہشت گردی پر ضرور کوئی ی ایکشن لیتا لوگ تو وہاں جانے سے بھی ڈر رہے تھے کہ نجانے وہ انہیں کچھ نہ کردے

"ایسے نہیں بولوگے تم؟؟"

وہ جارحانہ طور پر اپنی قمیض کی جیب سے چاکو نکالتا تیزی سے اسکے گلے پر رکھتا گویا ہوا

نن--ن--نن--نہیں بیٹا میں تمہارا پھوپھا ہوں---تم ایسا نہیں کرسکتے؟ "وہ" تھوگ نگلتے لہجے میں خوف سمائے بولے ------

بھاڑ میں گیا تم جیسا آستین کا سانپ پھوپھا---میری بہن کہاں ہے بولو؟؟ "اسنے" انکی گردن پر چاکو کا زور دیا -------

سس--سی !!مم--می--میں بتاتا ہوں"۔"

چاکو کی ہلکی سی نوک انکی گردن پر چھاپ چھوڑتی خون کی بوند نکال گ ئی --------

" بولو--؟؟"

انہیں دیکھتا بولنے کا اشارہ کیا ---------

مم--مم--بولو اب اگر تم نے منہ نہیں کھولا تو یہ چاکو میں تمہارے سیدھا دل میں" گھساؤ گا اور جب تک وار کرتا رہوگا جب تک تم تڑپ تڑپ کر مر نہیں جاتے"۔ خوفناک سرد سرسراتے لہجے میں کہتا بولا ---------

چھوڑو اسے یہ کیا کررہے ہو تم ؟ ورڈ میں موجود ایک عمر رسیدہ خاتون اگے"
بڑھی۔۔۔۔انکی آواز پہ اسنے اپنی گردن مڑتے دیکھا جو آہستگی سے چھوٹے چھوٹے قدم
لیتی اسکے جانب بڑھ رہی تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔

"!!ششش"

انکے گریبان کو اپنے مضبوط ہاتھ سے پکڑے دوسرے سے چاکو جو انکے گلے پر رکھا تھا
یکدم ہی اپنے ہونٹوں پر رکھتا اس عورت کو چپ کروا گیا اس کے بعد اس عورت میں
ہمت نہیں ہوئی ی کہ اس بے حس جانور آدمی سے الجھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

✧✧✧✧✧✧✧✧✧✧✧

وہ دونوں بازار سے سامان لیتی فارغ ہوئی یں تھیں اور تھوڑی ہی دور چلی تھیں کہ
رائی مہ کے نازک ہاتھ میں مضبوطی سے تھاما ٹچ اسکرین موبائل وائی بریٹ ہوا

۔۔۔۔۔۔۔۔

موبائل کی بیب پر اسکے ماتھے پہ پسینے کے ننھے سے قطرے نمایا ہوئے مگر خود کو جلد ہی کمپوز کرتی موبائل اپنی مٹھی میں چھپاتی خود پر اوڑھی چادر کے اندر کرگ ئی --------

ارے اس میں ایک تھیلی کم ہے کنزیش مجھے لگتا ہے وہ اس دکان دار کے پاس ہی رہ گ ئی-----تو یہی رک میں لیکر آتی ہوں اور یہ میرا بیگ پکڑلے بس ابھی آئی ی-----کہتی وہ وہاں سے یکدم ہی نو دو گیارہ ہوگ ئی ---------

ارے پر کونسی تھیلی سبھی تو ہیں میرے ہاتھ میں"۔"

وہ یہ کہنا چاہتی تھی مگر رائی مہ کی جلد بازی پر کہہ نہ سکی --------

وہ اسکا بیگ اپنے شولڈر پر لٹکاتی ہاتھوں میں سامان تھامے وہی کھڑی اسکا انتظار کرنے لگی -------

یہ ایریا بھی ان ہی کے انڈر تھا وہ اپنی بلیک مرسیڈیز میں یہاں بازار آیا تھا وہاں کی صورتحال جانچنے اور اب کار میں حویلی جانے کے لیئے بیٹھا تھا کہ کار کے سائیڈ مرر میں اسے کنزیش کا عکس نظر آیا --------

وہ کار کا دروازہ وا کرتا اپنا بھاری قدم باہر رکھتا گھاڑی سے باہر آیا اور اپنے دب دب قدم اٹھاتا اس تک پہنچا --------

"کیا کررہی ہو یہاں ؟؟"

اسے وہاں دیکھ اتنے مردوں کے بیچ اسکی انکھوں میں ناگواریت اتری --------

اپنے قریب پشت سے آتی مردانہ آواز پہ اس نے ایکدم چونکتے پلٹتے دیکھا --------

جاری ہے-----

MAN E AZIZAM

EPISODE # 18

BY : PARISHY BAIG

DON'T COPY PASTE _____

✧✧✧✧✧✧✧✧✧✧✧

پورے گھر پر اسنے اپنی ایک بھرپور نظر دوڑائی ی جہاں صرف گہری خاموشی کا سکوت چھایا ہوا تھا --------

گھر میں رکھے فرنیچر پر دھول مٹی چیزیں بے ترتیب بکھری سامنے کیچن میں برتنوں کا ڈھیر صوفے پر رکھے دو سے چار کپ خالی جیسے کسی نے چائے پہ چائے پی کر وہی رکھتے اٹھانے کی بھی زہمت نہ کی تھی ---------

اب تھوڑا چلتی اگے کو ائی ی اپنے دائیں جانب دیکھا جہاں ازمیر کا کمرہ موجود تھا لیکن کمرے کا دروازہ ہنوز بند تھا جسے دیکھ لگ رہا تھا کہ نہ روم میں ازمیر ہے اور نہ زینیہ

زینیہ کا ہونا نہ ہونا ایک برابر ہی تھا وہ ہوتی تھی تو کونسا کمرے سے باہر نکلتے گھر کے کاموں کو دیکھ لیتی تھی۔۔۔۔وہ ازمیر کی زمہ داری صیح سے نبھا نہیں پائی ی تھی آج تک کجاکہ دوسرے لوگوں یا دوسری چیزوں پر بھولے بھٹکے دھیان دینا؟

دفتاً اسنے دائیں جانب بنے دو کمروں پر اب اپنی نظرے کرم کی ۔۔۔۔اس میں سے ایک میں کبھی وہ خود رہائش پزیر تھی اب وہ کمرہ سنسان باہر سے لاک تھا جسے دیکھ اسکے دل میں ہونک سی اٹھی ۔۔۔۔۔۔۔۔

اپنا سر جھٹکتے اسنے اب برابر والے روم کی طرف اپنے قدم اٹھائے ۔۔۔۔۔۔۔

جس روم میں رہنے والی عظیم ہستی سے وہ آج یہاں اپنے دل میں خواہش لیئے ملاقات کرنے چلی آئی ی تھی کیونکہ یہی تو وہ واحد رشتہ تھا جسنے اسکے ماں باپ کے انتقال کے بعد اسے سنبھالتے اسے اپنے ساتھ لاتی چھت نصیب کی تھی اور ہر دکھ سکھ میں انکا ممتا بھرا ہاتھ اسکے سر پر کسی چھاؤں سے کم نہیں تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔

اسنے کمرے کے دروازہ کی نوب گماتے اسے وا کیا اور اندر آئی ی ------

سامنے ہی وہ قابل تحسین جان سے پیاری ہستی کو بیڈ پر چیت لیٹا سوتا پایا----شاید دوائیوں کا ہی اثر تھا جس وجہ سے انہیں ادھے دن چڑھجانے پر بھی کوئی ی ہوش نہیں تھا -------

"میری پیاری تائی ی جان ۔"

بیڈ پر انکے قریب بیٹھ بکھرے بال سمٹتے انکے ماتھے پر اپنا گلابی ہاتھ رکھتے اپنی میٹھی آواز میں سرگوشی کی -------

اسکی انکھوں کی تپش ہی تھی جسنے انہیں آنکھیں کھولنے پر مجبور کیا -------

"میرا بچہ !!آگ ئی تم ؟پتہ ہے تمہاری بوڑھی تائی ی نے تمہیں کس قدر یاد کیا ہے ؟"

وہ آہستگی سے اسکا ہاتھ اپنے ماتھے سے ہٹاتے اپنے لبوں سے لگاتی بولیں -------

"میں نے بھی آپکو بہت یاد کیا۔ "

نجانے کیوں اسکی آنکھیں چھلک پڑیں اور وہی انکے گلے لگتی رونے لگی -------

میری گڑیا کیا ہوا تائی ی کی جان کو؟؟ ایسے کیوں رو رہی ہو؟ "اسکے گلے لگنے سے انکی" خود کی آنکھیں چھلک پڑی --------

کچھ نہیں !آپ کو کیا ہوا؟؟ میری تائی ی جان تو اتنی ایکٹیو ہیں پھر ایسے دنیا جہاں" سے بیگانہ ہوئی ی بے سود کیوں لیٹی ہوئی یں تھیں؟؟ "انکے سینے سے سر اٹھاتے اپنے گلابی نازک ہاتھ سے اپنی نم آنکھیں پہنچتی انہیں دیکھ انکی بھی بھیگی آنکھیں پہنچتی بولی --------

ٹھیک ہوں میں-----توں آگ ئی ہے تو مزید ٹھیک ہوجاؤ گی"۔اسے دیکھتے اسے" اپنے سر کے اشارے سے قریب بلاتیں اسکی شفاف پیشانی پہ اپنا پیار بھرا بوسہ دیا

صیح سے بتائیں ؟ مجھے نہیں لگتا آپ ٹھیک ہیں؟ یہ اتنی ساری دوائیاں ؟؟ "وہ " بیڈ پر دوائیوں کا ڈھیر دیکھتی بولی --------

بیٹا یہ میری ہی ہیں"۔"

بولتیں اسے سب بتاگ ئیں اپنی دن با دن بگڑتی حالت کے بارے میں --------

✧✧✧✧✧✧✧✧✧✧

اپنے سامنے کھڑے کڑکڑاتے وائیٹ کارٹن کے سوٹ میں ملبوس اسکین کلر کی شال گلے میں ڈالے لمبے چوڑے وجاہت کا شاہکار ابرار سکندر کو دیکھ تھوک نکلتی اسکے سوال کو نظرانداز کرتے مزید اسکے اور اپنے درمیان فاصلہ بناتی پیچھے ہوتی کھڑی ہوئی ی

اپنے صاحب کو کسی خاتون سے بات کرتے دیکھ رحیم اسکا ڈرائیوار جو اسکے ہر وقت ساتھ ساتھ ہی رہتا تھا گاڑی سے باہر نکلتا وہی مؤدب انداز میں اپنا سر جھکا کر کھڑا ہوگیا --------

"کیا پوچھ رہا ہوں جواب دو؟"

اپنی گہری شہد رنگ براؤن آنکھوں سے اسکے معصوم گلابی چہرے کو دیکھ اسکے ہاتھ سے ایک ہی جھٹکے میں پکڑے سامان کو اپنے بھاری ہاتھ میں لے گیا جسے دیکھ وہ ششدر ہوئی --------

"!!رحیم"

اسنے اپنی بھاری خرکت آواز میں اپنے پیچھے کھڑے رحیم کو پکارا -------

"!!جج--جی سرکار---"

کہتا جلدی جلدی چلتا وہاں آیا --------

یہ لو گاڑی میں رکھو"۔"

اسے سامان دیتا بولا ۔۔۔۔۔۔ جسکا حکم بجا لاتے اسنے اسکے ہاتھ سے سامان لیا اور گھاڑی کے جانب چل دیا ۔۔۔۔۔۔۔

"یہ سامان تم گاڑی میں کیوں رکھ وارہے ہو؟؟ جاؤ نہیں دیتی جواب؟ کیا کرلوگے؟؟"
اسے دیکھ اسکے عمل پر اور اسکے سوال پر تھنکتی بولی ۔۔۔۔۔۔۔۔

"بہت کچھ لیکن ابھی اس کے لیئے تھوڑا وقت ہے۔"

پہلے سوال کو ان سنا کرتے اسکی دوسری باتوں پر معنی خیزی سے اسے دیکھ بولا

۔۔۔۔۔۔۔۔

"شٹ آپ یو !!منہ تھوڑ دونگی تمہارا ۔۔"

اسکی نظروں سے خائف ہوتی وہ اسکی معنی خیز باتوں پر سلگ اٹھی ۔۔۔۔۔۔۔

ہاہاہا شوق سے بندہ حاضر ہے"۔"

کہتا اپنی آنکھ ونک کرتا اسے آگ لگا گیا -------

اونہہ !!بھاڑ میں جاؤ"۔"

کہتی پلٹی -------

ہے مائی ی لیڈی !!جہاں جائی ینگے ساتھ ساتھ جائی ینگے"۔"

یکدم ہی اسکا ہاتھ اپنی مضبوط گرفت میں لیتا اسے اپنی جانب کھینچ گیا ------

پاگل ہوگئے ہو--؟ بے وقوف آدمی اتنے لوگ ہیں یہاں چھوڑوں مجھے"۔ اپنے اردگرد" دیکھتی دبے دبے غصے میں بولی ------ جہاں لوگ تھے ضرور مگر سب اپنے اپنے کاموں میں یا چیزیں کھریدنے میں مشغول --------

مگر ہاں وہاں کچھ عورتوں کے ساتھ ایک لڑکی بھی موجود تھی جو اس شاندار مکمل مرد کو دیکھنے یا یوں کہ بے حیائی ی سے تک رہی تھی --------

اسے اسطرح بے نیازی سے ابرار سکندر خانزادہ کو تکتے دیکھ اسنے اپنی گریش آنکھوں سے یکدم ہی گھورا جسے دیکھ وہ گڑبڑاتی تھوگ نکلتی اپنی نظریں ابرار کی جانب سے ہٹائے ادھر ادھر دیکھنے لگی ۔۔۔۔۔۔۔

اسے سمجھ نہیں آیا اسنے یہ حرکت کیوں کی مگر اپنا سر جھٹک گ ئی ۔۔۔۔۔۔۔۔

چھوڑو ہاتھ"۔"

کہتی اسکی گرفت سے اپنا ہاتھ چھوڑوانا چاہا ۔۔۔۔۔۔۔

یہ ہاتھ میں نے زندگی بھر تھامنے کے لیئے پکڑا ہے ناکہ چھوڑنے کے لیئے اور یہ بات" تم اپنی اس چھوٹی سی کھوپڑی میں جلد بیٹھا لو تو زیادہ اچھا ہے۔ "کہتا تپش دیتی نگاؤں سے اسے دیکھتا اسکے نازک ہاتھ کی کلائی ی پر اپنا انگھوٹا سہلایا ۔۔۔۔۔۔۔

اسکے لمس پر وہ جی جان سے تڑپ ۔۔۔۔۔۔۔

چیپ !!پرے ہٹو"۔"

اسکی حرکت پہ غصے سے کہتی اپنا ہاتھ جھٹکے سے اسکی گرفت سے آزاد کروایا -------

بات سنو اس بنجر دل کو دھڑکنا تو تم سکھا ہی چکی ہو اب اس سے لگ کر اس سینے" میں سکون کب اتاروگی؟؟ "لو دیتی نگاہوں سے دلکش بھاری لہجے میں بولا --------

"اس سینے میں خنجر نہ پیوست کر دوں؟؟"

اسکی بے خودی دیکھ دوبدو لٹ مار لہجے میں بولی ------

بہت ظالم ہو تم -----تمہاری اسی صاف گوئی ی اور ظالمانہ ادا پر ابرار سکندر خانزادہ" تم پر کب کا مر مٹا ہے"۔ اسکے گلابی رخسار پہ اپنا بھاری ہاتھ سہلائے اب اسکے لبوں کے نیچے اس پہرادار سیاہ تل کو چھوتا گھمبیر خمار بھرے لہجے میں سرگوشی کرتا بولا

"اپنے ہاتھوں کو کنٹرول میں رکھو۔"

اسے دیکھ بھڑکتی کہتی اسکا ہاتھ زور سے جھٹک گ ئی -------

رومانس کے جراثیم بلکل نہیں پائے جاتے تم میں--؟؟ "اپنی بکواس بند کرو"-----"
وہ اسکی فضول گوئی ی پہ گویا تپی ------

"میری ہوجاؤ تم میں خود جگالوں گا یہ جراثیم۔"
اسکی بات کو نظرانداز کرتے اپنے ہی رو میں بولا --------

"!! افف کمینہ¢
کہتی بڑبڑائی ی -------

جس نام سے پکارو تمہارا ہی ہوں----چاہے زلیل کرو غصہ کرو یا پھر--؟ "اسکے نازک"
ہاتھ کی انگلیوں میں اپنی بھاری انگلیاں الجھائی ی اور بات ادھی ادھوری چھوڑ دی

"یا پھر--؟؟"

اسے دیکھ اپنی ائی برو اچکاتی بولی -------

"!!پیار"

پرتپش بوجھل لہجے میں بولتا اسکی نرم ملائم انگلیوں کو اپنے مضبوط ہاتھوں کی انگلیوں میں زور سے بھینچ گیا ------

اسکی حرکت پہ کنزیش کے معصوم چہرے پر حیاہ غصے جھجک کے کہی رنگ نمایا ہوئے تھے لیکن بروقت خود کو مضبوط کرتی پیچھے ہوئی ی --------

گھٹیا آدمی نامحرم ہوں میں تمہارے لیئے آئی ندہ یہ اپنے بے ہودا مطالبے مجھ سے کیئے نا تو--؟؟

"تو--؟؟"

بھاری لہجے میں اسکی بات پر الٹا سوال کرتا بولا -------

تمہارا سر پھوڑ دوگی"۔"

اسکی سمجھ میں کچھ نہیں آیا وہ یہی کہہ گ ئی -------

کہہ تو رہا ہوں تمہارا ہوں جو چاہے کرلو۔ "بھاری لہجے میں کہتے آہستگی سے اسکے چہرے پر آتی آوارہ لٹیں سمیٹی --------

چلو شادی کرتے ہیں مس ئی لہ حل"۔"

اسے اپنی باتوں میں الجھا کر وہ اسے اپنی مطلب کی بات پر لاتا اسے شاک میں ڈال گیا

" دماغ سے عاری مرکر بھی نہ کروں؟"

اسکی نگاؤں سے پزل ہوتی اپنے ازلی انداز میں بولی -------

میں پوچھ نہیں رہا تمہیں بتارہا ہوں"۔"

اسکی بدگمانی کو دور کرتا بولا ------

" زبردستی کروگے--؟؟"

اسے دیکھ دوبدو بولتی اپنا ہاتھ اسکے ہاتھوں سے نکالنا چاہا --------

ایسا چاہتا تو نہیں ہوں میں اگر تم خود راضی ہوجاؤ تو؟؟ "اسکی عجیب بات پہ وہ" نا سمجھی سے اسے دیکھنے لگی -------

" سمجھ نہیں آئی ی ؟؟"

اسے دیکھتے اپنی آئی برو اچکائی ی ------

شادی نہیں ہوگ ئی کوئی ی سومناتھ کا مندر ہوگیا جسے تم تھوڑ کے چلتے بنو گے"۔"

اسے دیکھ بھڑکتی بولی ---------

ہاں اور سارے بھوت پاش پاش کرتے جیت آخر میں میری ہی ہوگی"۔ اسے دیکھ خود" بھی دوبدو دلکشی سے بولا -------

جاری ہے-------

MAN E AZIZAM

EPISODE # 19

BY : PARISHY BAIG

DON'T COPY PASTE _____

"ہوگ ئی تمہاری دماغ ماریاں اب شارٹ کی گولی کھاؤ۔"

اردگرد اپنے جائزہ لیتی کہ آخر رائیمہ گ ئی کہاں ؟؟ سوچتی اسے دیکھ تڑک کر بولی جو پہاڑ کی طرح ابھی تک اسکے سر کھڑا تھا ---------

تمیز کا بلب تمہارے اندر ابھی تک فیوز ہے"۔ وہ اسے دیکھ بولا ۔۔۔۔۔۔۔"

"مطلب ؟؟"

اپنی ائی برو اچکاتی وہ بھی دوبدو تڑک کر بولی ۔۔۔۔۔۔۔۔

بچپن میں بھی تم بدلحاظ سرپھری تھیں اور آج بھی"۔کہتا اسے اپنے اور اسکے ماضی " بچپن کو سوچتا بولا ۔۔۔۔۔۔۔۔

بچپن کا نام لینا تھا کہ کنزیش کے معصوم چہرے پر خوف ڈر تکلیف اذیت کے کہی رنگ رونما ہوئے۔۔۔۔۔۔۔اسکے بعد چپ سی ہوتی جیسے سکتے میں چلی گ ئی۔۔۔۔۔۔وہ کنزیش کے اچانک بدلتے تاثرت بہت غور سے دیکھنے لگا ۔۔۔۔۔۔ اسکی انکہی تکلیف پہ وہ تڑپ اٹھا اور اپنے دونوں مضبوط ہاتھوں کی زور سے مٹھیاں بھینچ لی ۔۔۔۔۔۔۔۔

کنزیش کے بازو پر لٹکے بیگ کے اندر سے موبائل کے رنگ ہونے کی آواز آنے لگی۔۔۔جس کے بجنے پر اسنے ابرار کو متوجہ کیا مگر جسکے پاس تھا وہ تو ک ئی اور ہی

خیالوں میں گھم تھی جسے شاید موبائل کی رنگ ہونے کی آواز بھی اپنی طرف متوجہ نہیں کرپا رہی تھی --------

اسنے یکدم ہی اپنا بھاری ہاتھ اگے بڑھاتے اسکا بیگ کھینچا تھا ---------

"!!آہ---"

مقابل کے اچانک حملے پر اسکے منہ سے بے ساختہ سہمی سے چیخ نکلی --------

ہے مائی پرنسز----میرا بچہ میں ہوں"۔"

اسکے چہرے پر اپنے دونوں ہاتھ رکھے بہت پیار اور نرمی سے بھاری لہجے میں بولا

ہا--ہاں------وہ بے دماغی سے حالت میں اپنے حواسوں میں لوٹتی بولی

تم میرے تمام جزباتوں کو بھڑکا رہی ہو اور میں ابھی ایسا کوئی ی حق نہیں رکھتا۔ "وہ" آہستہ آہستہ آنچ دیتے لہجے میں اسکے گلابی رخسار پر اپنا انگھوٹا سہلاتا گویا ہوا

"!!لیو--"

وہ جھٹکے سے اسکے لمس پر اسے پیچھے دکھیل گ ئی --------

میرا بیگ دو"۔"

کہتی اس سے اپنا بیگ لینا چاہا --------

موبائل ایک بار رنگ ہوتے ہوتے بند ہوچکا تھا اور اب ایک پھر بیگ کے اندر سے فون کی چنگاڑتی آواز آئی ی ---------

جسکی آواز جیسے ہی اسکی سماعتوں سے ٹکرائی ی تو گویا فوراً الرٹ ہوئی ی -------

"بیگ دو سمجھ نہیں آرہی تمہارے ؟؟"

وہی ابکی بار اپنی ازلی نڈر سے لہجے میں بولی ----------

اسے پھر سے اپنے وہی آتش بھرپا روپ میں آتے دیکھ مقابل کے دل سے ہلکا سا شکرانہ نکلا تھا ---------

وہ اسکی بات کو کسی بھی کھاتے میں نہ لاتے اپنی کرتا بیگ اوپن کرگیا اور جھٹ سے اپنے بھاری ہاتھ سے موبائل ٹاٹول کر نکالا --------

"!! انیس سو بیس کا ماڈل---آئی ی لائک اٹ"

موبائل اپنے ہاتھ میں گھمایا اور اس کا بیگ اسے واپس کردیا --------

"مورے----یہ کون ہے ؟؟"

اسکی چھوٹی سے اسکرین پہ نام اور نمبر شو ہوتا اسے دیکھ بولا -------

کیوں بتاؤ ؟؟ دو میرا فون"------"یہ تمہارا پرسنل سیل ہے؟؟ "اسے دیکھ دوسرا" سوال دغا -------

ہا--ہاں----

اسکا اپنا ذاتی تو نہیں تھا لیکن پھر بھی وہ یہ کہہ گ ئی تھی-----اگر کہتی نہیں------تو کہی طرح کے سوال کرتا جن کے جواب وہ دینے کے موڈ میں ہرگز نہیں تھی ----------

مقابل کے ہاتھ میں موبائل ایک بار مزید بجتے بجتے بند ہوچکا تھا -------

اب اسے موبائل کے بٹنوں پر اپنی انگلیاں چلاتے دیکھا جو اس میں مصروف سا ہوگیا تھا --------

"یہ کیا کررہے ہو--؟؟ لاؤ دو۔"

کہتی موبائل کے لیئے اپنی ہنائی ی ہتھیلی اگے کی --------

"یہ لو---اپنا نمبر سیف کر دیا ہے۔"

بھاری آواز میں اسکے گلابی ہتھیلی پر موبائل رکھتا اسکے ہاتھ کی پشت پہ اپنی دو انگلیوں سے لکیر کی طرح سہلایا -------

اسکی حرکت پر وہ غصے و حیاہ سے لال پیلی ہوگ ئی اس طرح کی حرکات اسکی بڑتی چلی جارہی تھیں --------

کیوں کیا ؟؟ ابھی کے ابھی ڈیلیٹ کرتی ہوں میں---ویٹ آ منٹ "!!تپتی کہتی" موبائل پر بٹنوں کو پریس کرنے لگی ابھی وہ اپنی مطلوبہ جگہ فون کونٹیکٹ لسٹ میں پہنچی تھی -------

"!!آہ--- "

اسکی ہلکی سی چیخ نکلی---ایک بار پھر ابرار نے اسکا فون جھپٹا تھا -------

تمہیں کہا ہے کہ میں خود کال کروگی تو تم کیوں کرتے ہو؟ میرے ساتھ ہر وقت" کوئی ی نہ کوئی ی موجود ہوتا ہے اسلیئے کال بھی نہیں اٹھاسکتی پلیز سمجھو۔ "اوکے اوکے بزی ہو تو میں بعد میں کرتا ہوں"۔۔۔۔۔ دوسری جانب سے مقابل کہتا فون ڈسکنکیٹ کرگیا ۔۔۔۔۔۔۔

رائی مہ فون ڈسکنکیٹ ہوتے دیکھ اپنے کان سے ہٹاتی بازار کی سناٹے کی سائی ڈ سے نکلتی اب کنزیش کے پاس جانے لگی ۔۔۔۔۔۔۔۔

کنزیش ہم ساری تھیلیاں لے آئے تھے مجھے لگا کہ اس میں سے ایک کم ہے لیکن" "ایسا نہیں تھا۔۔۔چلو گھر چلیں۔

کنزیش اپنے سامنے کھڑے پہاڑ نما ابرار کو اسکے ہاتھ سے موبائل چھننے پر کچھ کڑوی کسیلی سلواتیں سنانے ہی لگی تھی کہ وہاں رائی مہ نمودار ہوگ ئی۔۔۔۔جسکی آواز سنتے وہ وہی بولتے بولتے ساکت و چپ سی ہوگ ئی ۔۔۔۔۔۔۔۔

یہ سب رائی مہ نے وہاں کے ماحول پہ بنا کوئی ی نظر ڈالے تیزی سے یہاں آتے بولا تھا لیکن اب جیسے ہی وہاں پر کھڑی گاڑی اور اسکے قریب کھڑے ابرار سکندر کے ڈرائی یوار رحیم پر اپنی سرسری سے نظر ڈالی تو جیسے گویا چونکی اور سب سمجھنے کی کوشش کرنے لگی -------

اب وہاں سے نظریں ہٹاتی کنزیش کے سامنے برائے راست چھ فٹ نکلتے اپنے لمبے قد اور وجیہہ پرسنٹلی لیئے کھڑے ابرار سکندر پر پڑی تو گویا وہی سکتے سے ساکت و جامد ہوگ ئی ------

اسے یقین نہیں آرہا تھا کہ اسکے سامنے بارعب وجاہت کا شاہکار ابرار سکندر خانزادہ کھڑا ہے جسکی پشت اسکی جانب تھی-----یہ دوسری ملاقات ہوگی اسکی اور ابرار کی---- مگر اتنی جلدی یہ اسنے نہیں سوچا تھا --------

وہ کسی زنانہ آواز پہ اسکی جانب پلٹا----اسکا پلٹنا تھا کہ رائی مہ تو بس ایک جگہ منجمد ہوئی ی یک ٹک اسکی سحر طاری کرتی پرسنٹلی میں کھو سی گ ئی----

کوئی ی مرد اتنا بھی خوبصورت مکمل شخصیت کا حامل بھی ہوسکتا ہے کیا؟؟ "وہ اسے" دیکھ خود سے ہمکلام ہوئی ی --------

ایسا نہیں تھا کہ پہلے کبھی اسنے اسے دیکھا نہیں تھا---؟ دیکھا تھا مگر ہمیشہ ہی سرسری سا دیکھنے کا موقع ملا تھا اور آج تو مکمل طور پر وہ اپنی سحر میں جکڑنے والی شخصیت لیئے اسکے سامنے کھڑا تھا -------

"آ--آپ---؟؟ صا--حب--- سر--سرکار---"

اسے سمجھ نہیں آئی ی چند سکینڈ تو اسے مخاطب کیسے کرے ---------

"آپ یقیناً ان متحرمہ کے ساتھ ہیں؟؟"

وہ اپنے مقابل کھڑی رائی مہ کو دیکھ گویا ہوا-----کنزیش سے پہلی ملاقات میں بھی یہی لڑکی شاید اسکے ساتھ تھی مگر اسنے غلطی سے بھی اسکی طرف اپنی ایک نظر تک ڈالنا گوارہ نہیں کی تھی --------

جج۔۔۔جی ہاں۔۔لاڈ صاحب"۔"

اسکی گھمبیر بھاری نرم و سرد سی دلکش آواز پہ وہ اپنے حواس میں لوٹی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔

چلیں میں آپ لوگوں کو گھر ڈراپ کر دیتا ہوں"۔"

ان دونوں کو دیکھ بولا ۔۔۔۔۔۔۔۔

"جج۔۔جی۔۔آپ ہمیں ڈارپ کرینگے۔۔؟؟"

رائی مہ کو تو جیسے ایک بار پھر یقین نہ آیا اسے لگا وہ کسی خواب کے زیر اثر ہے

۔۔۔۔۔۔۔

وہ دراصل میرا ڈرائی یوار گاڑی ریورس کررہا تھا کہ یہ محترمہ اچانک ہی گاڑی کے سامنے" آگ ئی یں جس سے ٹکراتی یہ اپنے سامان سمیت خود بھی زمین بوس ہوگ ئی۔ "اسنے کنزیش پر نظر ڈال اپنی گھنی مونچوں تلے عنابی لبوں پر آتی دبی دبی سی مسکراہٹ دباہی

۔۔۔۔۔۔۔

وہ تو سامنے والے کے جھوٹ پر غصے سے سرخ ہوتی عش عش کر اٹھی -------

"اوو کوئی ی بات نہیں۔"

وہ اسے دیکھ بولی ------

نہیں میری غلطی ہے---میری وجہ سے یہ مرتے مرتے بچی ہیں اور بس میں اسی" کا ازالہ کرنا چاہتا ہوں اور ازالہ اسی صورت ممکن ہے جب میں آپ دونوں کو سیفلی آپ کے گھر ڈراپ کردوں"---- کہتا معصومیت سے کنزیش کو ایک بار پھر دیکھ -------

جو اب اسے اپنی اگ برساتی کھا جانے والی نظروں سے غور رہی تھی------اسے ایسے خطرناک نظروں سے خود کو دیکھنے پہ معاً اسنے اپنی آنکھ ونک کی -------

"!! چھچھورا"

اسکی حرکت پہ زیر لب بڑبڑائی ی ---------

"چلیں---"

بولتا اگے کو بڑھا --------

نن-- نہیں ہم چلیں جائے گے پیدل ہی---اتنا بھی دور نہیں ہے کہ آپکی اس" مہنگی ترین فراری میں جائیں۔ "وہ بھی ڈھیٹوں کی طرح ڈٹ کر بولی ---------

محترمہ میں نے ایک مرتبہ کہہ دیا ہے ناں؟؟ تو بس اب یہ پتھر پہ لیکر ہے---ناؤ" موؤ اٹ "!!چند قدموں کا فاصلہ مٹاتا اسکے گرے آنکھوں میں اپنی شہد رنگ بھوری آنکھیں ڈالتا سرد سا بنا کسی تاثر کے گویا ہوا --------

اسے کنزیش پھر ایک بار پل میں تولہ سے ماشہ ہونے والے روپ میں دیکھ دنگ رہ گ ئی اور اسکے ساتھ ساتھ کھڑی رائمہ بھی ---------

"چلیں--"

چبا چبا کر کہا گیا ------

"جج---جی جی---کیوں نہیں چلتے ہیں۔"

رائی مہ تو اسکے انداز پہ فوراً ہی تھوڑی دور کھڑی گاڑی کو دیکھ اپنے تیز تیز قدم اٹھاتی اسکا دروازہ وا کرتی اندر بیٹھ گ ئی ---------

رائی مہ کے بیٹھنے پر وہ ناچار اپنے پیر پٹکتی خود بھی گاڑی کا دروازہ وا کرتی بیٹھی --------

✧✧✧✧✧✧✧✧✧✧

"سنیں آغر جی۔ "

پھرتی سے اگے بڑھتے اپنے بھاری قدموں کی چھاپ چھوڑتے حویلی کے اندر آتے آغر کو دیکھ اسی ن ئ آئی ی ملازمہ نے اسے پکارا --------

وہ اسے دیکھ اگے کو بڑھ چکا تھا مگر اسکی آواز پہ اپنے قدم پیچھے لیتا اسکے روبرو کھڑا ہوا

"بولیں۔"

کہتے اسے سرسری سا دیکھ اپنی ائی برو اچکائی ی ---

وہ جی آپکو چائے دوں؟؟ ہم سبھی ملازموں نے چھپکے سے اپنے اپنے لیئے چائے" بنائی ی ہے"۔ وہ اپنی تمام تر معصومیت سے اس سے گویا ہوتی بولی ---

آپکی یہ بے وقت کی چائے جوکہ چھپکے سے بنائی ی گ ئی ہے، مقابل کے چھپکے سے بولنے پر سامنے کھڑی کمسن سی لڑکی نے اپنی زبان دانتوں میں دی کہ وہ کیا کہہ گ ئی ہے۔۔۔جسکا اسکوں تمام ملازموں نے بتانے سے منع کیا تھا اور وہ کہہ گ ئی تھی

اگر اس بارے میں، میں اس حویلی کے کسی مالک کو بتادوں تو؟؟ اسے دیکھ استزایہ طور پر اپنی ائی برو اچکاتے بولا -------

جانتا تھا کہ سامنے کھڑی ایک معصوم دبو سی لڑکی تھی جس میں تیزائی ی نام کی کوئی ی چیز نہیں تھی---اسلیئے تو وہ اپنا کیا کارنامہ اسے بتاگ ئی تھی -------

آآ--آپ ایسا تو نہیں کرینگے ناں؟؟ میں جانتی ہوں آپ اچھے ہیں۔ "اسے دیکھ" منمائی ی ---------

ہمم تو پھر مجھے اچھا ہی رہنے دیں آئیندہ کسی بھی بات یا چیز کو مدنظر رکھتے مجھے مخاطب" کرنے کی کوشش مت کیجئے گا۔ "کہتا وہاں سے یکدم ہی اپنے بھاری قدم اٹھاتا چلا گیا --------

جبکہ وہ معصوم تو بس اسکی چوڑی پشت دیکھتی مایوسی سے اپنا اداس ہوا چہرہ لیئے کیچن کے جانب بڑھ گ ئی --------

وہ جانتا تھا کہ آخر اس چھوٹی سی گز بھر کی محترمہ کے دماغ میں کیا خرافات جنم لے رہی تھیں۔۔۔وہ بے چاری تو ابھی تک اپنی ان کہی فلینگس سے بھی انجان تھی مگر وہ سمجھ چکا تھا کہ وہ چاہتی کیا ہے؟؟ اور اسکا انجام کیا ہے؟؟

اسکی خود کی محنت سے بنائی ی گ ئی پینٹینگ کی پیچرز جنہیں اسکے دل و جان سے عزیز بھائی ی نے فریم کرواتے اس وسیع و عریض خوبصورت سے شاندار کمرے کی وال پر لگوایا تھا۔۔۔۔۔یہ کمرہ صرف اور صرف گل کی تمام پسندیگی کو دیکھ خود ابرار نے سیٹ کروایا تھا۔۔۔۔۔جہاں ہر چیز گُل کی پسند کی تھی۔۔۔بلکل ایسے جیسے کوئی ی خواب نگر ہو ۔۔۔۔۔۔۔۔

کمرے میں رکھا اسکی پسند کا ہلکے کلر کا فرنیچر ۔۔۔۔فل سائیز صوفہ بیڈ ڈریسنگ مرر۔۔۔۔ جو وہ خود پسند کر کے اسکے ساتھ لائی ی تھی ۔۔۔۔۔۔

کھڑکی جہاں سے باہر گارڈن کا حسین ویو دکھتا تھا اس پہ لگے وائی ٹ فریل پردے۔۔۔کمرے میں لگی چھت کی چاروں طرف فنسی لائی ٹس ۔۔۔۔۔۔۔

کمرے میں دائی یں جانب اسکی آرٹینگ کے لیئے مخصوص جگہ بنائی ی گ ئی تھی جہاں وہ سکون سے اپنے آرٹینگ کے شوق کو زندہ رکھتی پینٹنگ کرسکتی تھی۔۔۔جسکی اسنے پروپر کلاسس بھی جوائی ن کی ہوئی ی تھیں۔۔۔۔ سب کچھ اے ٹو زیڈ اسکی پسند کا تھا

۔۔۔۔۔۔۔

بس ایک کمرے میں جھولا جو ابرار نے خود اپنی پسند سے لگوایا تھا۔۔۔۔۔ جسکا رنگ کچھ پنک اور کریم سے کلر کا تھا۔۔ اسکی رسیوں کے گرد فینسی آرٹ نما پرینڈے لگائے گئے تھے۔۔۔جسے دیکھ کسی بھی جاندر شے میں زندگی جینے کی ن ئی ی امنگ جاگ اٹھتی تھی

۔۔۔۔۔۔۔۔

نماز کے لیئے کمرے میں ہی نکلتا ایک الگ حسین و خوبصورت چھوٹا سا اسٹور نما روم جس کی وال پہ نیٹ کے پنک کلر کے پردوں کے ساتھ ادھر بھی فینسی لائی ٹس لگی تھیں۔۔۔۔۔ اسکے کارنر پر تازہ پھولوں کے درمیان گلدان میں رکھا قرآن مجید اور اسکے

ساتھ ہی پڑی جائے نماز۔۔۔۔اوپر سے خوشبو بکھیرتا عطر اپنی اس پاک جگہ کو اور بھی معطر کردیتا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔

بس اسکی زندگی میں رونما ہوئے کچھ حادثوں کے باعث وہ اپنے اس پسندیدہ کمرے سے ہر تعلق واسطہ تھوڑ چکی تھی۔۔۔۔مگر ابرار نے اسے جینے کی ن ئی ی امید دلوائی ی جسکو سوچتے اب وہ پھر سے اپنی بے رنگ زندگی میں رنگ بھرنے کی کوشش میں کوشاں تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔

"امم تو آرٹینگ ہورہی ہے؟؟"

اسکے آرٹینگ روم پہ اپنی ایک بھر پور نظر ڈال سامنے وئیل چ ئیر سے رولینگ چ ئیر پر بیٹھے وجود کو دیکھ اپنی گھمبیر بھاری آواز میں گویا ہوا ۔۔۔۔۔۔۔۔

جو مصروف سی کسی گھنے جنگل میں ڈوڈن ہاؤس کو شوکرتی تصویر پینٹنگ کر رہی تھی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آغر کی آواز پہ اسنے اپنا کوئی ی رد عمل نہیں دیکھایا اسکی بات ایسے نظرانداز کردی جیسے وہ یہاں ہو ہی نا ---------

اسکے نظرانداز کرنے پر آغر نے اسکی بے نیازی کو دیکھ غصے سے اپنی مٹھیاں بھینچی --------

وہ دھپ دھپ کرتا اپنے بھاری قدم اٹھاتا اسکی پشت پہ آیا --------

"!!آہ "

گل کے منہ سے اس ستم گر کی، ستم گری پہ ہلکی سی چیخ نکلی --------

وہ اسکے سر کو پیچھے سے اپنے بھاری ہاتھ کی گرفت میں پکڑتا جھٹکے سے مگر آہستگی سے کھینچ گیا۔۔۔جسکی حرکت سے اب اسکا گلابی چہرہ اوپر چھت کے جانب اٹھ گیا --------

اور اب خود آہستگی سے اپنا چہرہ جھکا گیا۔۔۔اسکے ایسا کرنے سے ان دونوں کے چہرے بلکل اب روبرو آگئے تھے اتنے کہ آغر کی گرم سانسیں اسے اپنے چہرے پر محسوس ہورہی تھیں ۔۔۔۔۔۔۔ اسکے مردانہ جسم سے اٹھتی سگریٹ اور کلون کی ملی جلی خوشبو اسکے حواس جکڑ رہی تھی۔۔۔۔اپنی بھاری پلکیں کبھی اٹھاتی کبھی جھکاتی وہ غصے و تذبذب کا شکار ہورہی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔

